اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن      اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# مَدَنی مذاکرے کے منتخب سُوال جواب (مختصر وخلاصہ)

| | | |
|---|---|---|
| 11 ذوالحجہ 1444ھ | عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ کراچی | 01 جولائی 2023ء |

**سوال:** کیا بچے اور بچی کو بلوغت کے قریب، بلوغت کی نشانیاں بتائی جائیں؟

**جواب:** جی ہاں، جب بچہ بالغ ہونے کے قریب ہو یعنی جب عمر 12 سال ہو جائے تو باپ کو چاہیے کہ اسے بلوغت کی نشانیاں بتائے، یوں ہی بچی کو بلوغت کے قریب اس کی والدہ بالغہ ہونے کی نشانیاں بتائے، اس میں شرم نہ کی جائے۔

**سوال:** کیا سوتیلے بھائی بہنوں کے ساتھ بھی حُسنِ سلوک کیا جائے؟

**جواب:** جی ہاں! ہر مسلمان کے ساتھ حُسنِ سلوک ہونا چاہیے، اگر سوتیلے بھائی بہن باپ کی جانب سے ہوں تو باپ کو خوش کرنے کے لیے اور والدہ کی طرف سے سوتیلے ہوں تو ان کو راضی کرنے کے لیے ان کے ساتھ حُسنِ سلوک کیا جائے۔ سوتیلے بھائی بہنوں کے ساتھ تو زیادہ حُسنِ سلوک کیا جائے۔

**سوال:** ایک مسلمان قرآنِ کریم سے کس طرح محبت کا اِظہار کرے؟

**جواب:** تلاوتِ قرآن کی جائے، جس نے ناظرہ قرآن نہیں پڑھا تو وہ دُرُست ناظرہ قرآن پڑھنا سیکھے، ممکن ہو تو قرآنِ کریم حفظ کرلے، **قرآن ہماری آنکھوں کا نور اور دِل کا سُرور ہے۔** قرآنِ پاک درست سیکھنے کے لئے مدرسۃ المدینہ بالغان قائم ہیں، ان میں شرکت کیجیے۔ الحمد للہ تعلیمِ قرآن کو عام کرنے کے لیے **دعوتِ اسلامی کی خدمات نمایاں ہیں۔**

**سوال:** کہا جاتا ہے کہ بِلّی شیر کی خالہ ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟

**جواب:** بِلّی شیر سے ملتی جلتی صورت رکھتی ہے، شاید اس لیے اسے **شیر کی خالہ** کہا جاتا ہے۔

**سوال:** دورانِ مدنی مذاکرہ یومِ تلاوت قرآن نام کی کتنی مساجد بنانے کا امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے اعلان فرمایا ہے؟

**سوال:** امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے **دورانِ مدنی مذاکرہ کیا اہم اعلان فرمایا؟**

**جواب:** عیدالاضحیٰ (1444ھ / 2023ء) کے موقع پر مَعاذَ اللہ **قرآنِ پاک جلانے کا شرم ناک واقعہ ہوا،** ہم قرآن سے محبت کرتے ہیں، امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے **قرآنِ پاک کے 540 رُکوع کی نسبت سے دُنیا بھر میں 540 مَساجد بنام "فیضانِ قرآن"** بنانے کا اِعلان فرمایا۔

**سوال:** "**فیضانِ قرآن**" مسجد بنانے یا کسی طرح بھی حصہ لینے والوں کو امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ نے کیا دُعا دی؟

**جواب: دُعائے عطار:** یااللہ پاک جو کوئی "**فیضانِ قرآن مسجد**" بنائے یا اس میں حصہ لے اسے جنّت میں پیارے حبیب صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم کے ساتھ عالی شان گھر عطا فرما۔

**سوال:** فیضانِ قرآن مَساجد کب تک مکمل ہو جانی چاہئیں؟

**جواب:** آئندہ رمضان المبارک (1445ھ، 2024ء) کی **چاند رات بلکہ اس سے پہلے فیضانِ قرآن مسجد کا اِفتتاح کرلیا جائے** تاکہ اُس مسجد میں ماہِ رمضان میں عاشقانِ رسول نمازیں پڑھیں، تلاوتِ قرآن کریں اور اعتکاف کریں۔

**سوال:** قرآن پاک کی **کل کتنی آیات ہیں؟**

**جواب:** ایک مضبوط قول کے مُطابق قرآنِ پاک کی چھ ہزار دو سو چھتیس (6236) **آیاتِ مبارکہ ہیں۔**

❄ اِس ہفتے کا رِسالہ "**فیضانِ شیخ ابو بکر شِبلی** رحمۃ اللہ علیہ" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہلِ سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

❄ یااللہ پاک! جو کوئی 20 صفحات کا رِسالہ "**فیضانِ شیخ ابو بکر شِبلی** رحمۃ اللہ علیہ" پڑھ یا سُن لے اُسے دُنیا کی محبت سے بچا، اخلاص کے ساتھ نیکیاں کرنے کی توفیق عطا فرما اور جنت الفردوس میں بے حساب داخلہ عنایت فرما۔ اٰمِیْن بِجَاہِ خاتم النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم۔

Pakistan Mushawrat Office
(Dawateislami)